رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: التخصص في التوقيت　　پرچہ: پہلا　　مضمون: أصول التوقيت

تاریخ: 12-02-2024　　دن: پیر　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: تنقیح قوس کیا ہے؟

سوال نمبر 2: تنقیح قوس کا فائدہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: مقوس قوس (Arc) کا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: مکہ شریف اور مدینہ شریف دونوں کا عرض و طول کیا ہے؟

سوال نمبر 5: استخراج لوگاریثم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: انکسار پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: اختلاف منظر کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 8: قطر اور نصف قطر کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 9: ربع دور اور نصف دور کی جیب کیا بنے گی؟

سوال نمبر 10: سہم (Vairo) کا کیلکولیٹر سے نکالنے کا فارمولا درج فرمائیے۔

سوال نمبر 11: تکون (Triangle) کتنے قسم کے ہیں اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 12: رطوبت (Humidity) حرارت (Temperature) کے اختلاف سے کونسی مقدار میں تبدیلی آتی ہے؟

سوال نمبر 13: شمار قوت کی مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 14: اینٹی لاگریثم (Antilogarithm) کا کیلکولیٹر (Calculator) کا فارمولا تحریر کیجئے؟

سوال نمبر 15: طریق تحویل علی الاعشاریہ کیا ہے؟

سوال نمبر 16: طرق تضاعیف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: تعدیل زائد و ناقص سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: میل جنوبی کن تواریخ میں ہوتا ہے؟

سوال نمبر 19: توضیح التوقیت کے اعتبار سے ضرب کی کتنے قسمیں اور کون کون سی ہیں؟

سوال نمبر 20: بلدی گھڑی کو نکالنے کا طریقہ بیان کیجئے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: جیب کی تعریف اور فائدے تصویر بنا کر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: تصویر بنا کر دائرے ہندیہ پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: خواص قوی کی تفصیل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: حقیقت لوگارثم اور اسکا فائدہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: طول بلد: 37 : 115 کا طریق تضاعیف تک عمل کیجئے۔

سوال نمبر 5: میل تحقیقی معلوم کرنے کی تفصیل مع امثلہ بیان کیجئے۔

رول نمبر: _____	**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ** **کنزالمدارس بورڈ پاکستان**	KANZUL MADARIS BOARD
	درجہ: **التخصص في التوقیت** پرچہ: **پہلا** مضمون: **أصول التوقیت**	
	تاریخ: **12-02-2024** دن: پیر کل وقت: **30** منٹ کل نمبر: **25**	
دستخط طالب علم: _____	مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____	

حصہ اول: معروضی
کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: معیاری گھڑی کو۔۔۔ بھی کہتے ہیں۔

(الف) بلدی گھڑی (ب) ریلوے گھڑی (ج) دھوپ گھڑی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: بلدی گھڑی اور ریلوے گھڑی کے مابین فرق کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) تعدیل مروج (ب) تعدیل ایام (ج) پہلے دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: قاطع تمام کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) tan (ب) Co-tan (ج) Co-sin (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: تکون (Triangle) تینوں اینگل کا مجموعہ ۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف) 90 (ب) 180 (ج) 360 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: نصف النہار۔۔۔ دائرے سے بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

(الف) دائرہ ہندیہ (ب) دائرہ میل (ج) پہلے دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: 180 عدد علم ابجد میں ۔۔۔ آئے گا۔

(الف) ع (ب) ق ف (ج) رع (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: (غظعب) کو علم اعداد میں کس طرح لکھتے ہیں؟

(الف) 1870 (ب) 1970 (ج) 1972 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: ایک قطر میں ۔۔۔ ڈگری ہوتی ہیں۔

(الف) 360 (ب) 150 (ج) 120 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: ربع دور کتنا ہوتا ہے؟

(الف) 90 ڈگری (ب) 45 ڈگری (ج) 100 ڈگری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: نصف قطر کتنے مثل کا ہوتا ہے؟

(الف) دو مثل (ب) ایک مثل (ج) آدھا مثل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: اختلاف منظر کی متوسط مقدار توضیح التوقیت میں کتنی لکھی گئی ہے؟

(الف) 8 ثانیہ (ب) 9 ثانیہ (ج) 9 دقیقہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: جیب لوگاریثم کیلکولیٹر سے کس نکالیں گے؟

(الف) log Cos+10 (ب) log sin +10 (ج) $\log \sin^{-1}+10$ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: شفق احمر کتنے ڈگری زیر افق غائب ہوتی ہے؟

(الف) 15 (ب) 18 (ج) 12 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: سعودیہ کا معیاری طول کیا ہے؟

(الف)45 (ب)60 (ج)30 (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: .....46:4:52 کی جیب کیا بنے گی؟

(الف)0 43 13.16 (ب)0 46 13.16 (ج)0 45 13.16 (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: 12 برجوں میں سے پہلا برج کونسا ہے؟

(الف)سرطان (ب)جدی (ج)حمل (د)ثور

سوال نمبر17:برج حمل کی 12 درجہ پر کونسی تاریخ کو ہو گی؟

(الف)21 مارچ (ب)یکم اپریل (ج)28 اپریل (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: اگر لکڑی ایک فٹ کی ہو اور سایہ اصلی بھی ایک فٹ ہو تو مثل ثانی کے وقت کتنا سایہ بنے گا؟

(الف)5 فٹ (ب)4 فٹ (ج)3 فٹ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19:ایک برج میں کتنے درجے ہوتے ہیں؟

(الف)50 (ب)30 (ج)40 (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: اگر عرض و میل یکساں ہو تو بعد سمتی کے لئے ان کو کیا کریں گے ؟

(الف)جمع (ب)تفریق (ج)دونوں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: 0.5 کا مربع کیا بنے گا؟

(الف)3 (ب)2 (ج)4.5 (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: 45 ڈگری کا سایہ کیا بنے گا؟

(الف)دو مثل (ب)1.5 مثل (ج)ایک مثل (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23:برج اسد کن تواریخ میں ہوتا ہے۔

(الف)23 اگست تا 22 ستمبر (ب)22 جنوری تا 20 فروری (ج)21 جولائی تا 22 اگست (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: اگر ایک عدد کو 4 بار آپس میں ضرب دیں تو۔۔۔۔ قوت حاصل ہوتی ہے۔

(الف)مربع (ب)مکعب (ج)مال (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25:ام الخطوط کسے کہتے ہیں؟

(الف)جیب تمام (ب)ظل (ج)قاطع (د)ان میں سے کوئی نہیں

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: التخصص في التوقيت　　پرچہ: دوسرا　　مضمون: الهيئة أصول اتجاه القبلة

تاریخ: 13-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: منطقۃ البروج پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: دائرہ صغیرہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: افق کی کتنی قسمیں ہیں؟ کسی دو کے بارے میں سورج کی حرکت کی کیفیت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فلک ثوابت میں ستارے کتنے بڑے چھوٹے ہیں؟ ان کی کیفیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: "دائرہ اول السموت پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: چاند گہن کب ہوتا ہے اور اس کی نماز کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: استقامۃ اور رجوع کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: دائرہ ہندیہ سے حاصل ہونے والے کوئی سے دو مقاصد بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: چاند پر سے زمین کو دیکھا جائے تو کیسی نظر آئے گی؟

سوال نمبر 10: دائرۃ النور اور دائرۃ الرویہ میں فرق بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: مقاطر کعبہ پر قبلہ کے بارے میں شرح چغمینی کا قول اور اس پر اس اعلی حضرت علیہ الرحمہ کا کیا موقف تھا؟

سوال نمبر 12: تنقیح قوس کیا ہے؟

سوال نمبر 13: تنقیح قوس فائدہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: دائرے کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: کرہ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: قطب دائرہ کیا ہے؟

سوال نمبر 17: سمت الراس اور سمت القدم کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 18: قائمہ زاویہ کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 19: پہلے کے بزرگ لوگاریثم کیوں استعمال کرتے تھے؟

سوال نمبر 20: عرض موقع کی تعریف کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: صبح صادق وکاذب کی کیفیات کو بتدریج بیان کیجئے نیز بتایئے کہ افق حقیقی کے بجائے یہ افق حسی پر پہلے کیوں دکھائی دیتی ہے؟

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی 3 کی تعریف بیان کیجئے۔

(1) اقالیم سبعہ　　(2) سورج گہن　　(3) نہار حقیقی ووسطی　　(4) محاق واستقبال

سوال نمبر 3: اعلی حضرت علیہ الرحمہ نے جو دس قاعدے سمت قبلہ کے لکھے ہیں ان میں سے قاعدہ نمبر 7 اور 8 تحریر فرمایئے۔

سوال نمبر 4: کشف العلہ کے قاعدے سے بریلی (28:23 شمالی اور 79:27 شرقی) کا سمت قبلہ معلوم کیجئے۔

سوال نمبر 5: جہات اربعہ کی تعین کے کتنے طریقے ہیں؟ ہر طریقے کی وضاحت کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **التخصص في التوقيت** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الهيئة أصول اتجاه القبلة**

تاریخ: **13-02-2024** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقنش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: قرآن پاک میں صرف۔۔۔ آسمانوں کا ذکر ہے۔

(الف) 6 (ب) 9 (ج) 7 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: ہیئت کا موضوع۔۔۔ ہے۔

(الف) اجرام علویہ واجسام بسطیہ (ب) افلاک (ج) دوائر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: فلک ثوابت کے نیچے فلک۔۔۔ ہے۔

(الف) الافلاک (ب) زحل (ج) مشتری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: چار افلاک زہرہ، مریخ، مشتری و زحل کی شکلیں۔۔۔ ہیں۔

(الف) ایک جیسی (ب) مختلف (ج) یکساں و مختلف دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: جو فلک کسی فلک کا جزء نہ ہو وہ فلک۔۔۔ ہے۔

(الف) جزئی (ب) کلی (ج) مرکز عالم (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: حکما نے۔۔۔ فلک جزئی مانے ہیں۔

(الف) 16 (ب) 9 (ج) 7 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: ایک دائرہ دوسرے دائرے پر منطبق نہ ہو تو دونوں۔۔۔ مقامات پر ایک دوسرے کو قطع کریں گے۔

(الف) 1 (ب) 4 (ج) 2 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: منطقۃ البروج کے نصف جنوبی کے دو مساوی حصوں کے درمیان حد مشترک نقطے کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) انقلاب صیفی (ب) انقلاب شتوی (ج) اعتدال ربیعی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: حکما نے۔۔۔ کو بھی فلک مانا ہے۔

(الف) تداویر (ب) حوامل تداویر (ج) مدیر عطارد (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: جن دو نقطوں پر دائرہ معدل و منطقہ تقاطع کریں انہیں۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف) استوا (ب) اعتدال (ج) قبلہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: چاند و سورج کی حرکت ظاہری۔۔۔ ہے۔

(الف) علی التوالی (ب) خلاف علی التوالی (ج) شمالی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: ۔۔۔ فلک مغرب سے مشرق کو حرکت کرتے ہیں۔

(الف) 5 (ب) 14 (ج) 9 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13۔۔۔ کا فلک جزئی ایک دن رات میں 59 دقیقہ 8 ثانیہ 19 ثالثہ 47 رابعہ 40 خامسہ 31 سادسہ حرکت کرتا ہے۔

(الف) شمس (ب) قمر (ج) دونوں (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر14: 2100اور2200 میں کونسا لیپ ائیر ہے؟

(الف)2100 (ب)2400 (ج)دونوں (د)دونوں نہیں

سوال نمبر15: دائرۃالمیل کی اقصر قوس جو معدل النہار اور مرکز شمس کے درمیان ہو اسے ۔۔۔ کی مقدار کہتے ہیں۔

(الف) تقویم شمس (ب) شمس کے میل ثانی (ج) شمس کے میل اول (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر16: مقاطر کعبہ کا عرض و طول کیا ہے؟

(الف) 10 140 25 21-(ب)10 140- 25 21-(ج)10 140- 25 21 (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر17: ربع دور کتنا ہوتا ہے؟

(الف)90ڈگری (ب)45ڈگری (ج)100ڈگری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: کعبہ شریف کا عرض بلد کیا ہے؟

(الف)S25 21 (ب)25 21- (ج)دونوں (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر19: معدل وافق کے تقاطع کا وہ نقطہ جس کو عبور کرنے کے بعد سورج افق کے نیچے ہو اس نقطہ کو کیا کہتے ہیں؟

(الف)عشا (ب)فجر (ج)مغرب (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر20: اجزائے قطریہ کے ساٹھ (60) درجوں کے مجموعہ کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف)مثنیٰ (ب)مرفوع (ج)مثلث (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر21: ساٹھ مرفوع کا مجموعہ کیا کہلاتا ہے؟

(الف)مثنیٰ (ب)مرفوع (ج)درجہ (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر22: جیب (Sin) کی ضد کونسی ہے؟

(الف)جیب تمام (ب) قاطع (ج) قاطع تمام (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر23: پاکستان خانہ کعبہ کے کس جانب ہے؟

(الف) شمال (ب)مغرب (ج)مشرق (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر24: دائرہ میں خط مستقیم مرکز سے محیط تک منتہی ہو وہ خط۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) قطر (ب)درجہ (ج) نصف قطر (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر25: اگر فصل 180 ہو اور عرض صفر ہو تو قبلہ کیا بنے گا؟

(الف) شمال (ب)مغرب (ج)مشرق (د) ان میں سے کچھ نہیں

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: التخصص في التوقیت　　پرچہ: تیسرا　　مضمون: التوقیت الجدید

تاریخ: 14-02-2024　　دن: بدھ　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: مفتی سید افضل حسین مونگیری علیہ الرحمہ کی علم ہیئت و توقیت پر کوئی سی 3 کتابوں یا رسالوں کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: غروب شرعی کی 3 نشانیوں (ٹکیہ کا ڈوبنا، سرخی کا زائل ہونا اور مشرق سے سیاہی کا اٹھنا) کی ترتیب رضوی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: صاحب فتاوی نوریہ کے نزدیک کراہت بوقت زوال کی مقدار بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: نماز مغرب میں کتنی تاخیر مکروہ تحریمی ہے؟

سوال نمبر 5: کسی مینار یا عمارت کی بلندی چڑھے بغیر کیسے معلوم کرینگے؟

سوال نمبر 6: نجومی و شرعی طلوع میں فرق ہمیشہ 4 منٹ نہیں ہوتا وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: 48 درجہ پر سب سے بڑی رات کی مقدار کیا ہوگی؟

سوال نمبر 8: روزانہ کے وقت فجر و مغرب برابر نہیں ہوتے وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 9: طلوع تا نصف النہار کا فصل، نصف النہار تا غروب کے فصل کے برابر نہیں ہوتا وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: پاک و ہند میں موسم گرما میں بوقت غروب و بوقت غروب شفق ابیض میں قریبا کتنے درجات کا فرق ہوتا ہے اور کس جہت میں؟

سوال نمبر 11: عرض 50 شمالی اور میل 20 شمالی ہو تو غایت انحطاط کیا ہوگی؟

سوال نمبر 12: عرض 30 شمالی اور میل 23 جنوبی ہو تو غایت ارتفاع کیا ہوگا؟

سوال نمبر 13: مقنا طیسی شمال و حقیقی شمال میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 14: ناٹیکل المنک کے مطابق 100 فٹ کی بلندی پر افق میں کتنے ثانیہ کا اضافہ ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر 15: اگر موسم C40 اور ہوا کا دباو 1000 ملی بار ہو تو فرضی انکسار 34 دقیقہ میں کیا تبدیلی آئے گی؟

سوال نمبر 16: ناٹیکل المنک میں عالمی اوسط درجہ حرارت و ہوا کا دباو کیا لیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 17: پاکستان میں موسم گرما میں 3 مرتبہ سورج سے قبلہ معلوم کر سکتے ہیں وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 18: بریلی شریف کے عرض 28:21 پر اگر کسی دن میل 20 درجہ جنوبی ہو تو سعۃ المشرق و مغرب کتنے درجہ دقیقہ ہوگی؟

سوال نمبر 19: چاند کی حالتوں مثلاً محاق، تربیع اول، بدر اور تربیع ثانی کے وقت چاند کے زاویے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: 100 فٹ کی بلندی پر حد نگاہ کتنے کلومیٹر ہوگی؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: فیضان مدینہ کے عرض و طول (24:53:41N,67:3:41E) پر یکم اپریل 2011 کے لئے تحقیقی بعد سمتی مثل ثانی معلوم کیجئے جبکہ متوقع معیاری زوال 12:36 ہو۔

سوال نمبر 2: اوسلو (ناروے) کے عرض و طول (59:55N,10:45E) پر 20 اپریل 2011 کے لئے تحقیقی صبح کا وقت معلوم کیجئے۔

سوال نمبر 3: آکلینڈ کے عرض و طول (36:51 S,174:46 E) پر یکم اپریل 2011 کے لئے صفر فٹ پر تحقیقی غروب معلوم کیجئے۔

سوال نمبر 4: 60 درجہ شمالی و 100 درجہ غربی ایک مقام کے لئے سمت قبلہ معلوم کیجئے جبکہ عرض کعبہ 21:25:21 شمالی و طول 39:49:34 شرقی ہو؟

سوال نمبر 5: 55 درجہ جنوبی و صفر شرقی پر 2011 میں کس تاریخ سے کس تاریخ تک مسلسل شفق احمر و ابیض رہے گا؟

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **التخصص في التوقیت** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **التوقیت الجدید**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: کعبہ معظّمہ کا عرض بلد جدید تحقیق پر۔۔۔ ہے۔

(الف) 21:30 (ب) 21:25:21 (ج) 21:25 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: پائی کی ویلیو موجودہ تحقیق پر۔۔۔ ہے۔

(الف) 3.1415296 (ب) 3.141592654 (ج) 3.1415689 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: چاند کا قطر زمین کے قطر سے۔۔۔ گنا چھوٹا ہے۔

(الف) 14 (ب) 109 (ج) 30 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: سورج سمت الراس پر ہو تو۔۔۔ اصلاً نہیں ہوتا۔

(الف) ارتفاع (ب) انکسار (ج) نصف قطر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: درجہ حرارت بڑھنے سے معیاری انکسار میں۔۔۔ کا معاملہ ہوتا ہے۔

(الف) زیادتی (ب) کمی (ج) برابری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: اعتدالین پر دن رات برابر ہوتے ہیں۔۔۔ اعتبار سے۔

(الف) شرعی (ب) نجومی (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: انقلاب ابعد پر فجر و مغرب۔۔۔ ہوتے ہیں۔

(الف) سب سے بڑے (ب) سب سے چھوٹے (ج) دونوں کے درمیان (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: دنیا میں سب سے چھوٹا وقت فجر و مغرب خط استوا پر۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف) 1:8:40 (ب) 1:18 (ج) 1:10 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: مکمل چاند کا غروب۔۔۔ پر ہوتا ہے۔

(الف) قرب طلوع آفتاب (ب) قرب غروب آفتاب (ج) قرب نصف النہار (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: ہمارے اکابرین نے صرف۔۔۔ چاند گہن پر نماز کو مستحب فرمایا۔

(الف) ہلکا سایہ (ب) گہرا سایہ (ج) مکمل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: جب سورج 18 درجے زیر افق نہ پہنچے تو ختم سحری۔۔۔ پر ہوگی۔

(الف) نصف اللیل (ب) رات کے آخری تہائی (ج) اقرب البلاد (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: مقدار کراہت بوقت طلوع و غروب پنجاب و قرب و جوار میں مشاہدات سے۔۔۔ منٹ ثابت ہوئی ہے۔

(الف) 20 (ب) 15 (ج) 14 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: عرض و میل جہتا یکساں ہوں تو۔۔۔ کی زیادتی سے دن بڑے اور کمی سے چھوٹے ہونگے۔

(الف) تعدیل ایام (ب) میل شمس (ج) تعدیل مروج (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر14: جدید تحقیق پر انکسار معدل۔۔۔لیا جاتا ہے۔

(الف)32 دقیقہ 51 ثانیہ (ب)33 دقیقہ (ج)34 دقیقہ (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر15: منفی درجہ حرارت میں انکسار۔۔۔ہو جاتا ہے جس کے سبب غروب تاخیر سے ہوتا ہے۔

(الف)کم (ب)زیادہ (ج)برابر (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر16: ایک مربع گز میں۔۔۔مربع فٹ ہوتے ہیں۔

(الف)9 (ب)3 (ج)2.25 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر17: 21:25 شمالی پر سب سے بڑا وقت عصر۔۔۔پر ہوتا ہے۔

(الف)27 مئی (ب)15 جولائی (ج)دونوں میں (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر18:۔۔۔ملک کا قبلہ فقط شمالی ہے۔

(الف)برازیل (ب)یو ایس اے (ج)چائنا (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر19: میقات جحفہ کا نیا نام۔۔۔ہے۔

(الف)السیل الکبیر (ب)رابغ (ج)ابیار علی (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر20: مدراسی ٹائم۔۔۔تک جاری تھا۔

(الف)1900 (ب)1905 (ج)1884 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر21: سب سے چھوٹا وقت فجر و مغرب۔۔۔پر ہوگا۔

(الف)حوالی اعتدالین (ب)انقلاب ابعد (ج)انقلابین (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر22۔۔۔سیارے کے گرد چھلا نظر آتا ہے۔

(الف)زحل (ب)مشتری (ج)عطارد (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر23:۔بعض سیاروں کا اختلاف منظر۔۔۔ثانیے تک ہوتا ہے

(الف)5 (ب)3 (ج)1 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر24: WC کا رخ قبلہ کے نقاط استقبال و استدبار سے۔۔۔۔درجہ باہر ہونا ضروری ہے۔

(الف)22.5 (ب)45 (ج)90 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر25: عصر کے تحقیقی کلیہ میں۔۔۔کا لحاظ بھی رکھا جاتا ہے۔

(الف)نصف قطر و انکسار (ب)صرف نصف قطر (ج)صرف انکسار (د)ان میں سے کچھ نہیں

رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: التخصص في التوقیت　　پرچہ: چوتھا　　مضمون: التوقیت

تاریخ: 15-02-2024　　دن: جمعرات　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: تعدیل مروج پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: کیلکولیٹر کی مدد سے مقوس کرنے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: دھوپ گھڑی پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: طلوع و غروب کے دوسرے قاعدے کا پہلا طریقہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: مقیاس ٹائم کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 6: ساعت کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: میل شمسی اور تعدیل ایام کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: علم توقیت فرض کفایہ ہے اس پر مفتی افضل حسین منگیری نے کیا لکھا ہے؟

سوال نمبر 9: بعد تحتانی کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 10: نصف المجموع کس کی لیتے ہیں؟

سوال نمبر 11: حاصل تفریق میں کس سے کس کو تفریق کرتے ہیں؟

سوال نمبر 12: تمام اوقات نکالنے کا منار التوقیت میں بیان کردہ پہلا قاعدہ تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 13: سمت قبلہ کا کوئی ایک قاعدہ تحریر فرمائیے۔

سوال نمبر 14: ایک شہر سے دوسرے شہر کا تفاضل معلوم کرنے طریقہ کیا ہے؟

سوال نمبر 15: بریلی کا عرض و طول کیا ہے؟

سوال نمبر 16: دونوں میل اعظم کا مجموعہ کیا بنے گا؟

سوال نمبر 17: اگر دو شہر الگ الگ ملکوں میں ہیں تو ان کے تفاضل نکالنے کا فارمولا کیا ہے؟

سوال نمبر 18: اگر معیاری گھنٹہ +1:00 اور طول غربی 3:45 ہو تو تعدیل مروج کیا ہوگی؟

سوال نمبر 19: عرض موقع کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 20: فصل طول پر مختصر نوٹ تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: 5 مئی کے لئے دادو شہر کا وقت مثل اول معلوم کیجئے۔

سوال نمبر 2: 5 مئی کے لئے دادو شہر کا مثل ثانی معلوم کیجئے۔

سوال نمبر 3: 5 مئی کے لئے دادو شہر کا غروب نکالیں۔

سوال نمبر 4: 5 مئی کے لئے دادو شہر کا عشا حنفی نکالیں۔

نوٹ: دادو کا عرض بلد: 26 43 شمالی اور طول بلد: 67 46 شرقی ہو۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **التخصص في التوقیت** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **التوقیت**

تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: طلوع و غروب کے مجموعے کے نصف کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) نصف النہار شرعی (ب) ضحوی کبری (ج) پہلے دونوں ہی ہیں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: معیاری طول شرقی سے طول بلد شرقی بڑا ہو تو تعدیل مروج ۔۔۔ ہوگی۔

(الف) ناقص (ب) زائد (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: میل شمس ۔۔۔۔ تبدیل ہوتا ہے۔

(الف) ہر سال (ب) 4 سال میں (ج) 26 سال میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: اگر میل جنوبی ہو تو میل ۔۔۔ لیتے ہیں۔

(الف) منفی (ب) مثبت (ج) پہلے والے دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: بعد کوکب فجر زیر افق ۔۔۔ پر ہوتا ہے۔

(الف) 19 ڈگری (ب) 17 ڈگری (ج) 18 ڈگری (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: جیب (Sin) لوگاریثمی کا فارمولا یہ ہوگا۔

(الف) $10 + \text{Log Sin Deg}$ (ب) $10 + \text{Log Cos}^{-1}\text{ Deg}$ (ج) Log Cos Deg (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: اگر عرض و میل دونوں یکساں ہو تو انکا ۔۔۔ بعد فوقانی ہوگا۔

(الف) مجموعہ (ب) تفاوت (ج) ضرب (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: گرین وچ کا طول بلد ۔۔۔ ہے۔

(الف) 75 درجہ (ب) 82.5 درجہ (ج) صفر درجہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: جیب اور قاطع وغیرہ کے جداول عموماً ۔۔۔ درجے تک بنائے جاتے ہیں۔

(الف) 45 (ب) 60 (ج) 90 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: ہموار زمین کے بہ نسبت اونچی جگہ پر ۔۔۔ ہوتا ہے۔

(الف) طلوع کچھ بعد (ب) غروب کچھ پہلے

(ج) طلوع کچھ بعد اور غروب کچھ پہلے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: $\tan^{-1}(1) = \text{.....?}$

(الف) 90 (ب) 30 (ج) 45 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: سعودی عرب کی معیاری گھڑی۔۔۔ ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 3.5 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: منار التوقیت میں روزانہ کن اوقات کی تعدیل درج ہے؟

(الف) دن 12 اور رات 12 (ب) ہر گھنٹے (ج) ہر 24 گھنٹے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: گرین وچ لندن سے تقریبا۔۔۔ میل دور ہے۔

(الف) 6 (ب) 5 (ج) 3 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: سایہ اصلی کو قدم بنانے کے لئے۔۔۔ پر ضرب دیں گے۔

(الف) 7 (ب) 7.5 (ج) 8 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: ائمہ دین نے علم توقیت کو۔۔۔ بتایا ہے۔

(الف) واجب (ب) فرض (ج) فرض کفایہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: بلدی ٹائم اور معیاری ٹائم کی صحت وخطا کو جاننے کے لئے۔۔۔ ٹائم جاننا شرط ہے۔

(الف) تعدیل ایام (ب) مقیاس (ج) پہلے والے دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: سورج کتنے گھنٹے میں ایک چکر پورا کرتا ہے؟

(الف) 12 (ب) 15 (ج) 24 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر19: معیاری طول کے لئے بنگلادیش کی حکومت نے کونسا شہر طے کیا تھا؟

(الف) فرید پور (ب) جمال پور (ج) ڈھاکہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: اگر نصف النہار 12 بجے ہو اور سورج 15 درجے مغرب کے طرف چلے تو اس وقت کیا بجے گا؟

(الف) 5 بجے (ب) ایک بجے (ج) 3 بجے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: 19.7754969 اس کو جدول جیب میں مقوس کریں۔

(الف) 6:44:4 (ب) 6:20:44 (ج) 6:50:12 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: جدول جیب سے مقوس کرنے میں اوقات۔۔۔ حاصل ہوتے ہیں۔

(الف) شرقیہ (ب) غربیہ (ج) دنوں ہی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23: شفق احمر کتنے درجے پر ہوتی ہے؟

(الف) 15 (ب) 12 (ج) 18 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: اوقات غربیہ سے کیا مراد ہیں؟

(الف) فجر (ب) طلوع (ج) پہلے والے دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر25: عرض سے میل تفریق کرنے سے کونسی بعد سمتی حاصل ہوتی ہے؟

(الف) مثل اول (ب) مثل ثانی (ج) زوال (د) ان میں سے کوئی نہیں

KANZUL MADARIS BOARD

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **التخصص في التوقيت** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **فقہ التوقیت وفتاوی التوقیت+أصول رؤیۃ الھلال**

تاریخ: **17-02-2024** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: رسالہ "**هداية المتعال في حد الاستقبال**" میں کس مقدار کو ثابت کیا گیا ہے؟ مختصراً وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 2: بتایئے کن اقسام کے روزوں کی نیت رات میں کرنا شرط ہے؟

سوال نمبر 3: مقدار کراہت بوقت زوال میں ائمہ خوارزم وائمہ ماوراء النہر میں فرق کو مختصراً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: اگر فجر کی ابتدا 4:10 اور انتہا 5:40 ہو تو بتایئے کہ کس وقت پڑھنا مستحب اور کس وقت جائز ہوگا؟

سوال نمبر 5: فلکیوں کے نزدیک موسم خزاں کے بروج بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: اشتداد سرما کن بروج میں ہوتا ہے قول رضوی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: شفق ابیض کب غروب نہیں ہوتی اصول بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: ہندوستان کے ایسے 3 شہروں کے نام جن کا قبلہ شمالی ہوتا ہے؟

سوال نمبر 9: صبح صادق کی ابتدا میں قول احوط واوسع بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: اگر منطقہ بروج میں تقویم شمس 119 درجہ پر ہو تو باتئیں کس برج کے کس درجہ میں ہوگا؟

سوال نمبر 11: سیارات سبعہ کا بیان کس آیت میں ہے؟

سوال نمبر 12: زمین ساکن ہے کوئی ایک دلیل قرآنی پیش کیجئے۔

سوال نمبر 13: اگر محیط 50 ہاتھ ہو تو قطر کیا ہوگا؟

سوال نمبر 14: اگر قطر 13 ہاتھ ہو تو مساحت کیا ہوگی؟

سوال نمبر 15: اہل مدینہ بول وبراز کے وقت منہ یا پیٹھ کس سمت کریں؟ حدیث پاک کی رو سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: ان 5 سیاروں کے نام بتایئے جن کے سوا کوئی تارہ کہکشاں کو قطع نہیں کرتا۔

سوال نمبر 17: اعلی حضرت علیہ الرحمۃ مختلف عرض بلاد کا تفاضل صرف ماہ رمضان کا بیان کرتے تمام سال کا نہیں وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: ؟اعلی حضرت علیہ الرحمۃ نے بریلی سے الموڑہ کا اوسط تفاضل سحری -5- منٹ اور تفاضل افطار + سوا منٹ فرمایا وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 19: فلکیوں کے نزدیک 29 اور 30 کے لگاتار کتنے چاند ممکن ہیں؟

سوال نمبر 20: 500 فٹ کی بلندی پر 2 منٹ کا فرق ہو تو 4500 فٹ کی بلندی پر فرق کیا ہوگا؟ اور اسکی وجہ بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: الحدیث: "**اذا اقبل الليل من ههنا وادبر النهار من ههنا وغربت الشمس**" کی وضاحت تحقیق رضوی پر کیجئے؟

سوال نمبر 2: فتاوی رضویہ کی عبارت "**تحویل سرطان** غروب نجومی وتندنخ انکسار افقی وتعدیل ایام وفرق طول زائدین وہ مجموع زج یہ یعنی 22 جون کو یہاں غروب شمس 7 بجکر 3 منٹ پر ہے" کی وضاحت کیجئے نیز حل بھی کیجئے۔

سوال نمبر 3: انکسار کلی کس وقت اور کتنا ہوتا ہے نیز بذریعہ تصویر سمجھائیں کہ انکسار کب کم اور کب زیادہ ہوتا ہے؟

سوال نمبر 4: چاند کے امکان رویت پر 3 شرائط رضوی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: رسالہ "**هداية المتعال في حد الاستقبال**" کا خلاصہ 100 الفاظ پر مشتمل تحریر کیجئے۔

رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **التخصص في التوقیت** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **فقہ التوقیت وفتاوی التوقیت+أصول رؤیۃ الھلال**

تاریخ: **17-02-2024** دن: ہفتہ کل وقت: **30** منٹ کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: حوض اگر گول ہو اس کی گولائی تحقیق رضوی پر۔۔۔ ہاتھ ہوگی۔

(الف) 35.449 (ب) 11ء284 (ج) 11 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 2: چلتی کشتی میں قبلہ کو منہ کرنا ضروری ہے۔

(الف) اول تا آخر (ب) صرف ابتداء (ج) ضروری نہیں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: عین ضحوہ کبری پر نیت روزہ کرنے سے روزہ۔۔۔ ہوگا۔

(الف) درست (ب) مکروہ (ج) نہیں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: سورج سمت الراس پر ہو تو نگاہ قول اول پر۔۔۔ میل کرہ بخارات سے گزرتی ہے۔

(الف) 45 (ب) 598 (ج) 52 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 5: سورج گہن کی نماز۔۔۔ ہے۔

(الف) مستحب (ب) واجب (ج) سنت موکدہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: رسالہ **ھدایۃ المتعال فی حد الاستقبال**۔۔۔ موضوع پر ہے۔

(الف) اوقات نماز (ب) رویت ہلال (ج) سمت قبلہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: اعلیحضرت علیہ الرحمہ نے رویت ہلال کے ثبوت کے لئے۔۔۔ طریقے بیان کئے۔

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 8: شرعی مسافت۔۔۔ منزل پر ہوتی ہے۔

(الف) 2 (ب) 1 (ج) 3 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: رسالہ **البدور الاجلہ**۔۔۔ھ میں لکھا گیا۔

(الف) 1294 (ب) 1304 (ج) 1314 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: دن میں۔۔۔ چاند دیکھا وہ آئندہ دن کا شمار ہوگا۔

(الف) قبل زوال (ب) بعد زوال (ج) دونوں صورتوں میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11۔۔۔ کو پائی پر تقسیم کرنے پر قطر حاصل ہوتا ہے

(الف) محیط (ب) مساحت (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: ۔۔۔ اور۔۔۔ اوقات نماز اول تا آخر کراہت سے خالی ہیں۔

(الف) فجر وظہر (ب) ظہر ومغرب (ج) عشاء وفجر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 13: **راس الحوت** سے مراد سورج کا برج حوت۔۔۔ ہے۔

(الف) میں داخل ہونا (ب) سے نکلنا (ج) کا وسط (د) ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر14: پہلی تحقیقی پرانکسار معدل۔۔۔لیا جاتا تھا۔

(الف)32دقیقہ51ثانیہ (ب)33دقیقہ (ج)34دقیقہ (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر15: مغرب میں قصداً اتنی تاخیر مکروہ تحریمی ہے کہ۔۔۔ظاہر ہو جائیں۔

(الف)بڑے ستارے (ب)اندھیرا (ج)اشتباق النجوم (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر16: دن 15 گھنٹہ کا ہو تو ایک پہر۔۔۔۔۔۔۔۔ گھنٹے کا ہوگا۔

(الف)4 (ب)پونے 4 (ج)3 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر17: نقطہ قبلہ سے عین 45 درجہ دائیں یا بائیں پر نماز۔۔۔ ہوگی۔

(الف)جائز (ب)نہیں (ج)مکروہ (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر18: حوض مدور کا محیط کم از کم۔۔۔ہاتھ ہونا ضروری ہے۔

(الف)48 (ب)44 (ج)35ء449 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر19: میقات ذوالحلیفہ۔۔۔کے لئے ہے۔

(الف)یمن (ب)شام (ج)مدینہ شریف (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر20: وسط ہند سے پہلے۔۔۔تک مدراسی ٹائم رائج تھا۔

(الف)1910 (ب)1900 (ج)1905 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر21: سب سے بڑا وقت فجر و مغرب شمالی ہند میں۔۔۔ ہوگا۔

(الف)1:35 (ب)1:48 (ج)1:40 (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر22:۔15 درجہ حمل کا میل شمس مقداراً و جہتاً مساوی ہوگا 15 درجہ۔۔۔کے۔

(الف)جدی (ب)حوت (ج)سنبلہ (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر1523:۔راس السرطان کا میل شمس صرف مقداراً مساوی ہوگا راس۔۔۔کے۔

(الف)الجدی (ب)الحوت (ج)السنبلہ (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر24۔۔۔شہر عرض بریلی سے ناقص العرض ہے۔

(الف)دہلی (ب)سری نگر (ج)مدراس (د)ان میں سے کچھ نہیں

سوال نمبر25:برج عقرب کا تعلق۔۔۔سے ہے۔

(الف)صیفیہ (ب)شتویہ (ج)خریفیہ (د)ان میں سے کچھ نہیں